# جنت میں بھی پردہ ہوگا؟

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا جنت میں بھی پردہ ہوگا؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! جنت میں بھی پردہ ہوگا، کیونکہ پردہ ایک ایسی نعمت ہے جو ہر سلیم الفطرت اور پاکیزہ طبیعت کو محبوب ہے، تو اگرچہ جنت میں گناہ اور گناہ کا خیال بھی نہیں ہوگا، لیکن پردہ پھر بھی ہوگا۔

چنانچہ اللہ پاک قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے:

﴿فِیْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِۙ لَمْ یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ لَا جَآنٌّۚ﴾

ترجمہ کنزالایمان: ان بچھونوں پر وہ عورتیں ہیں کہ شوہر کے سوا کسی کو آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتیں ان سے پہلے انہیں نہ چھوا کسی آدمی اور نہ جِنّ نے۔ (القرآن، سورۃ الرحمن، پارہ 27، آیت: 56)

مذکورہ بالا آیت مبارکہ کے تحت تفسیر صراط الجنان میں ہے "اس آیت سے چند باتیں معلوم ہوئیں:

(1)... تقویٰ اور شرم وحیا عورت کا بہت بڑا کمال ہے۔

(2)... اجنبی عورت کا متقی پرہیزگار مرد سے بھی پردہ ہے کیونکہ جنت میں سب متقی ہوں گے، مگر ان سے بھی پردہ ہو گا۔

(3)... **پردہ اللہ تعالیٰ کی وہ نعمت ہے جو جنت میں بھی ہوگی۔**" (صراط الجنان، جلد9، صفحہ658، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

مفتی احمد یار خان نعیمی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: "خیال رہے کہ جنت میں پردہ ہوگا۔" (مرآۃ المناجیح، جلد7، صفحہ478، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد فراز عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4369

تاریخ اجراء : 01جمادی الاول1447ھ/24اکتوبر2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net